رسول اللہ ﷺ رمضان کے آخری دس دنوں میں عبادت میں جتنی محنت کرتے تھے، اتنی دوسرے دنوں میں نہیں کرتے تھے

امّ المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے: رسول اللہ ﷺ رمضان کے آخری دس دنوں میں عبادت میں جتنی محنت کرتے تھے، اتنی دوسرے دنوں میں نہیں کرتے تھے
[صحیح] [رواہ مسلم]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول یہ تھا کہ جب رمضان کا آخری عشرہ داخل ہوتا تو اس میں دوسرے دنوں کے مقابلہ میں کہیں زیادہ عبادت اور طرح طرح کی نیکی کے کاموں میں مشغول ہو جایا کرتے تھے آپ ایسا ان راتوں کی عظمت وفضیلت کو ملحوظ رکھتے ہوئے اور لیلۃ القدر کی طلب میں کیا کرتے تھے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/3755